## پاکستان میں جمہوریت عوام کیلئے نہیں بلکہ بڑے بڑے جاگیرداروں، وڈیروں، ذخیرہ اندوزوں، شوگر مافیا اور انتہائی کرپٹ لوگوں کیلئے ہے۔ الطاف حسین

## آئی ایم ایف، ورلڈ بینک اور دیگر عالمی قوتوں کی جانب سے پاکستان میں جی ایس ٹی کے نفاذ کیلئے دباؤ زمینی حقائق کے برعکس ہے

## عالمی اداروں کی جانب سے اس بات کیلئے دباؤ کیوں نہیں ڈالا جاتا کہ جاگیرداروں کی زرعی آمدنی پر ٹیکس نافذ کیا جائے؟

## بڑے بڑے عہدوں پر فائز شخصیات اور بڑی بڑی سیاسی جماعتوں کے قائدین میں سے کتنے لوگ انکم ٹیکس ادا کرتے ہیں؟

## جس شوگر مافیا نے قیمتیں بڑھا کر جواربوں کھربوں روپے کمائے اس سے لوٹی ہوئی دولت واپس کیوں نہیں لی جاتی؟

## دہرے معیار کی وجہ سے آج سرمایہ دارانہ نظام بھی سوشل ازم کی بعض سنگین غلطیوں کی وجہ سے دنیا بھر میں دم توڑتا ہوا نظر آرہا ہے

## ایسے کسی بھی اقدام کی قطعی حمایت نہیں کرینگے جو عوامی مفادات کے خلاف ہو۔ عزیز آباد اور لندن میں رابطہ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

لندن۔۔۔ 22 نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ عرفِ عام میں جمہوریت کی تعریف یہ ہے کہ حکمرانی عوام کی، عوام میں سے اور عوام کیلئے، لیکن بدقسمتی سے پاکستان میں جمہوریت عوام کیلئے نہیں بلکہ جمہوریت بڑے بڑے جاگیرداروں، وڈیروں، ذخیرہ اندوزوں، شوگر مافیا اور انتہائی کرپٹ لوگوں کیلئے ہے۔ انہوں نے یہ بات آج ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں رابطہ کمیٹی کے بیک وقت ہونے والے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آئی ایم ایف، ورلڈ بینک اور دیگر عالمی قوتوں کی جانب سے پاکستان میں جنرل سیلز ٹیکس کے نفاذ کیلئے دباؤ پاکستان کے زمینی حقائق کے برعکس ہے۔ ان عالمی اداروں کی جانب سے حکومت پر اس بات کیلئے دباؤ کیوں نہیں ڈالا جاتا کہ پاکستان میں ٹیکس کا دائرہ بڑھاتے ہوئے جاگیرداروں، وڈیروں اور بڑے بڑے زمینداروں کی زرعی آمدنی پر ٹیکس نافذ کیا جائے جن کی آمدنی پر آج تک ٹیکس نافذ نہیں کیا گیا؟ آخر انہی عوام اور تنخواہ دار طبقہ پر ٹیکس نافذ کیوں جارہا ہے جو پہلے ہی مختلف قسم کے ٹیکس ادا کررہے ہیں اور مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں؟ جناب الطاف حسین نے سوال کیا کہ بڑے بڑے عہدوں پر فائز شخصیات اور بڑی بڑی سیاسی جماعتوں کے قائدین میں سے کتنے لوگ انکم ٹیکس ادا کرتے ہیں؟ اگر یہ بڑے بڑے لوگ خود ٹیکس نہیں دیتے تو عوام سے ٹیکس ادا کرنے کی بات کیوں کی جارہی ہے؟ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے چینی کی قیمت 40 روپے فی کلو مقرر کرنے کا حکم دیا تھا لیکن اس پر عمل درآمد نہیں کیا گیا اور چینی 125 روپے فی کلو تک جا پہنچی۔ جس شوگر مافیا نے قیمتیں بڑھا کر جواربوں کھربوں روپے کمائے اس شوگر مافیا سے لوٹی ہوئی اربوں کھربوں کی یہ ناجائز دولت واپس کیوں نہیں لی جاتی؟ انہوں نے کہا کہ جمہوریت کے بیان کردہ معروف معنوں کے برعکس آج پاکستان میں جمہوریت کا مطلب حکمرانی جاگیرداروں کی، جاگیرداروں میں سے اور جاگیرداروں، وڈیروں، سرداروں ذخیرہ اندوزوں، شوگر مافیا اور انتہائی کرپٹ لوگوں کیلئے ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسی دہرے معیار کی وجہ سے آج کیپٹل ازم یعنی سرمایہ دارانہ نظام بھی سوشل ازم کی بعض سنگین غلطیوں کی وجہ سے دنیا بھر میں دم توڑتا ہوا نظر آرہا ہے اور آج دنیا جدید تقاضوں کے مطابق ایک ایسے جدید نظام کی تلاش میں ہے جو فلسفۂ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی کے تقاضوں کے نہ صرف عین مطابق ہو بلکہ اس پر عملاً پورا بھی اترتا ہو۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم عوام میں سے ہے اور وہ ایسے کسی بھی اقدام کی قطعی حمایت نہیں کرے گی جو عوام کے مفادات کے خلاف ہو۔

## جناب الطاف حسین کی ہدایت پر حق پرست رکن قومی اسمبلی فرحت خان نے مشاہد حسین سید کی رہائشگاہ جاکر والدہ کے انتقال پر تعزیت کی

لاہور۔۔۔22، نومبر 2010ء

ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی فرحت خان نے مسلم لیگ (ق) کے مرکزی رہنما و سینیٹر مشاہد حسین سید کی والدہ محترمہ ثمن سید کے انتقال پر رہائشگاہ جاکر تعزیت کی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم لاہور زونل کمیٹی کے اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ فرحت خان نے مشاہد حسین سید کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کا تعزیتی پیغام پہنچایا اور کہا کہ جناب الطاف حسین دکھ اور غم کی گھڑی میں کسی کو بھی تنہا نہیں چھوڑتے ہیں۔ انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بھی مشاہد حسین سید سے ان کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور محترمہ ثمن سید کی مغفرت کیلئے دعا کی۔ اس موقع پر مشاہد حسین سید نے ایم کیو ایم کے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم واحد جماعت ہے جو حقیقی معنوں میں مڈل کلاس طبقے کی ترجمانی کررہی ہے اور ہر کسی کے دکھ اور درد کو اپنا درد سمجھتی ہے۔

## مسلم لیگ (ن) کے رہنماء اور پنجاب اسمبلی میں صوبائی وزیر فوڈ اینڈ انڈسٹری چوہدری عبدالغفور خان کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے تعزیت
## عمران فاروق کی شہادت سیاسی کارکنوں کے دلوں میں گہرے زخم چھوڑ گئی، شہید کا خون کبھی رائیگاں نہیں جائیگا، چوہدری عبدالغفور

کراچی ۔۔۔22/نومبر 2010ء

مسلم لیگ (ن) کے رہنماء اور پنجاب کے صوبائی وزیر برائے فوڈ اینڈ انڈسٹری چوہدری عبدالغفور خان نے پیر کی شام ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل اور سیف یار خان سے ملاقات کی اور اپنی اور میاں محمد نواز شریف سمیت پوری مسلم لیگ (ن) کی جانب سے ایم کیوایم کے کنوینر شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ اور صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن کے علاوہ دیگر بھی موجود تھے۔چوہدری عبدالغفور خان نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر ہم سب کو بہت افسوس ہوا ان کی شہادت گہرے زخم چھوڑ گئی۔انہوں نے کہا کہ شہادت کی موت ایک عظیم موت ہے عمران فاروق شہید کا خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا اور ان کی شہادت ایسی شہادت ہے جس نے صرف کراچی کو ہی نہیں بلکہ پورے ملک کو رولا دیا یہ دکھ صرف الطاف بھائی کا دکھ ہی نہیں بلکہ یہ پاکستان بھر کے عوام کا دکھ ہے اللہ کریم جب اچھے لوگوں کو اٹھا تا ہے تو ان کی نعم البدل ضرور دیتا ہے،آج ملک میں تبدیلی ناگزیر ہوگئی ہے میاں صاحب تبدیلی کی بات کررہے ہیں جبکہ الطاف بھائی تبدیلی کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں،متحدہ قومی موومنٹ کی قیادت پاکستان کی سلامتی اور اس کی بقاء کی بات کرتی ہے،آج ملک کو بچانے کیلئے ایسے ہی لوگوں کی ضرورت ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور نوید جمیل نے تعزیت کیلئے چوہدری عبدالغفور خان کی نائن زیرو آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ میاں نواز شریف کے بھی بیحد شکر گذار ہیں جنہوں نے اس سے قبل ہمارے دکھوں کو بانٹنے کیلئے اسحٰق ڈار صاحب کو بھیجا تھا اور آج چوہدری عبدالغفور صاحب کو بھیجا۔

## دہشت گردی کے واقعات کے باعث معصوم بچوں کے ذہنوں پر برّے اثرات مرتب ہورہے ہیں،خوش بخت شجاعت
## سی آئی ڈی بلڈنگ بم دھماکے سے متاثرہ مدینہ کالونی، ہاشمی کالونی، کے ایم سی کواٹر اور سول لائن پولیس کواٹر کے متاثرہ بچوں کیلئے ایم کیوایم کے تحت خصوصی ورائٹی تقریب تحفے تحائف کی تقسیم،تقریب میں بچوں کی گہری دلچسپی

کراچی ۔۔۔22/نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر سی آئی ڈی بلڈنگ بم دھماکے سے متاثرہ مدینہ کالونی، ہاشمی کالونی، کے ایم سی اور سول لائن پولیس کواٹرز میں معصوم بچوں کو عید کی خوشیوں میں شامل کرنے کیلئے تقریب منعقد کی گئی جس میں متاثرہ علاقوں کے معصوم بچوں میں تحفے تحائف تقسیم کیے گئے اور تفریحی فراہم کرنے کیلئے میجک شو اور میوزیکل پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں معصوم بچوں نے نہ صرف گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا بلکہ بعض بچوں نے ان میں حصہ بھی لیا۔تحائف کی تقسیم کی تقریب میں حق پرست رکن قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت اور ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان نے بھی شرکت کی۔تقریب میں مدینہ کالونی، ہاشمی کالونی، کے ایم سی کواٹر اور سول لائن پولیس کواٹرز کے رہائشی سینکڑوں معصوم بچوں نے اپنے والدین کے ہمراہ شرکت کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے تحفے تحائف وصول کیے۔اس سے قبل حق پرست نمائندے اور ایم کیوایم کے ذمہ داران و کارکنان معصوم بچوں میں گھل مل گئے اور انہوں نے معصوم بچوں کو گود میں اٹھا کر دیگر بچوں کے ساتھ ملکر قومی ترانے گائے، جئے الطاف، جئے متحدہ اور جئے پاکستان کے فلک شگاف نعرے بھی لگائے جس کا سلسلہ کافی دیر تک جاری رہا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ خوش بخت شجاعت نے کہا کہ آج کے معصوم بچے کل اس ملک کی باگ ڈور سنبھالیں گے، دہشت گردی کے واقعات کے باعث معصوم بچوں کے ذہنوں پر برّے اثرات مرتب ہورہے ہیں اور بچے خوف کا شکار ہیں تاہم ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نہ صرف دہشت گردی کی راہ میں رکاوٹ ہیں بلکہ وہ معصوم بچوں کو بھی خوف دہشت کے ماحول سے نکالنے کیلئے کام کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج ہمارے یہاں آنے کا مقصد بھی یہی ہے کہ ہم معصوم بچوں کو نہ صرف خوف دہشت کی فضاء سے دور رکھیں بلکہ انہیں عید کی خوشیوں میں پوری طرح شامل کرسکیں تا کہ ان کے معصوم چہروں پر وہ خوشیاں وہ مسکراہٹیں واپس لاسکیں جو پہلے ان کے چہروں پر نظر آتی تھی۔اس موقع پر رکن قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت اور دیگر نے معصوم بچوں میں قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے ٹوفیاں، بسکٹس، جیلی، پیسٹری، چپس، جوس کے پیکٹس اور سینکڑوں دیگر تحفے تحائف بھی تقسیم کیے اور بچوں کو تلقین کی وہ ہمیشہ حق اور سچ کا ساتھ دیں۔پروگرام رات گئے تک جاری رہا جس میں میجک شو اور ملی نغمے اور قومی ترانے پیش کیے گئے۔

## ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی حیدرآباد کے رکن محمود عباسی ایڈووکیٹ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔22نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی حیدرآباد کے رکن محمود عباسی ایڈووکیٹ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## لیگل ایڈ کمیٹی حیدرآباد کے رکن محمود عباسی ایڈووکیٹ ہالا کے قریب روڈ ایکسیڈنٹ میں جاں بحق ہوگئے،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت
## مرحوم کولطیف آباد کے ٹنڈویوسف قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا،نماز جنازہ اور تدفین میں
## حق پرست اراکین اسمبلی،لیگل ایڈ کمیٹی اورحیدرآباد زون کے ارکان وکارکنان نے شرکت کی

کراچی۔۔۔22نومبر 2010ء

ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی حیدرآباد کے رکن محمود عباسی ایڈووکیٹ ہالا کے قریب ایک روڈ ایکسیڈنٹ میں جاں بحق ہوگئے۔مرحوم کی عمر 45 سال تھی اوران کے سوگواران میں دو بیوائیں ،ایک بیٹا اور چار بیٹیاں شامل ہیں۔مرحوم کولطیف آباد کے ٹنڈویوسف قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی طیب حسین،حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف،ایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے اراکین،سیکٹرز و یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے اراکین اورمرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محمود عباسی ایڈووکیٹ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## سانحہ شیرشاہ کباڑی مارکیٹ میں شہید ہونے والے سعید احمد کی نمازِ جنازہ وتدفین میں حق پرست صوبائی وزیر
## عبدالحسیب اوررکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر کی شرکت

کراچی۔۔۔22نومبر 2010ء

سانحہ شیرشاہ کباڑی مارکیٹ میں شہید ہونے والے سعید احمد کو جہانگیرآباد گولیمار قبرستان میں آہوں اورسسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ جہانگیرآباد گلبہار میں ادا کی گئی۔شہید کی نماز جنازہ وتدفین میں حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب اور رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر،ایم کیوایم کے علاقائی سیکٹر و یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان سمیت شہید کے اہلخانہ ودیگر سوگوارن،ہمدرد عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 179 کے یونٹ انچارج شکیل احمد کے والد فتح محمد خان کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورلواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆